# پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، A-21، کشمیر بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

فون نمبر: 042-99260209,99260270,99260272,99260265، ای میل: coe.pbte@yahoo.com, techpbte@gmail.com

ویب سائٹ: www.pbte.edu.pk


مراسلہ نمبر:- پی بی ٹی ای/ٹیکنیکل/2021/ 79/6 مورخہ:- 22-03-21

## امتحانی شیڈول برائے ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر (DAE)، ڈپلومہ ان ڈریس میکنگ اینڈ ڈریس ڈیزائننگ (DDM) اور برج کورس لیول-3 ڈپلومہ آف ٹی اینڈ گلڈز پہلا سالانہ امتحان 2021۔

ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر (DAE)، ڈپلومہ ان ڈریس میکنگ اینڈ ڈریس ڈیزائننگ (DDM) اور برج کورس برائے لیول-3 ڈپلومہ آف ٹی اینڈ گلڈز پہلا سالانہ امتحان 2021 کا انعقاد درج ذیل شیڈول کے مطابق ہوگا۔

**آغاز پریکٹیکل امتحان مورخہ: 14 جون 2021** — **آغاز تھیوری امتحان مورخہ: 15 جولائی 2021**

### شیڈول برائے امتحانی داخلہ

| نمبر شمار | تفصیل | تواریخ |
|---|---|---|
| 1 | سنگل فیس کے ساتھ آن لائن فیڈنگ اور سنگل فیس بینک میں جمع کروانے کی آخری تاریخ | 27-04-2021 |
| | سنگل فیس کے ساتھ آن لائن ایڈمشن ڈیٹا لسٹ کا فائنل پرنٹ بمعہ اصل بنک چالان دفتر بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ | 29-04-2021 |
| 2 | ڈبل فیس کے ساتھ آن لائن فیڈنگ اور ڈبل فیس بینک میں جمع کروانے کی آخری تاریخ | 04-05-2021 |
| | ڈبل فیس کے ساتھ آن لائن ایڈمشن ڈیٹا لسٹ کا فائنل پرنٹ بمعہ اصل بنک چالان دفتر بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ | 06-05-2021 |
| 3 | ٹرپل فیس کے ساتھ آن لائن فیڈنگ اور ٹرپل فیس بینک میں جمع کروانے کی آخری تاریخ | 10-05-2021 |
| | ٹرپل فیس کے ساتھ آن لائن ایڈمشن ڈیٹا لسٹ کا فائنل پرنٹ بمعہ اصل بنک چالان دفتر بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ | 12-05-2021 |
| 4 | ٹرپل امتحانی فیس کے ساتھ داخلہ جمع کروانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد صرف ہارڈ شپ کیسز کا ٹرپل امتحانی فیس بمعہ -/500 روپے یومیہ جرمانہ داخلہ جمع کروانے کی آخری تاریخ۔ | 28-05-2021 |

### شیڈول برائے گولڈن چانس امیدواران

| نمبر شمار | تفصیل | تواریخ |
|---|---|---|
| 1 | گولڈن چانس کیلئے سپیشل امتحانی فیس بینک میں جمع کروانے کی آخری تاریخ | 10-05-2021 |
| 2 | گولڈن چانس کیلئے پرنسپل ادارہ سے تصدیق شدہ مینول امتحانی داخلہ فارم بمعہ اصل بینک چالان دفتر بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ | 12-05-2021 |
| 3 | گولڈن چانس کیلئے سپیشل امتحانی فیس جمع کروانے کی تاریخ (مورخہ 10-05-2021) گزرنے کے بعد گولڈن چانس کیلئے سپیشل امتحانی فیس بمعہ -/500 روپے یومیہ جرمانہ امتحانی داخلہ فارم دفتر بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ | 28-05-2021 |

### شیڈول برائے پریکٹیکل امتحان

| نمبر شمار | تفصیل | تواریخ |
|---|---|---|
| 1 | پریکٹیکل امتحان شروع ہونے کی تاریخ | 14-06-2021 |
| 2 | **پریکٹیکل امتحان ختم ہونے کی آخری تاریخ** | 07-07-2021 |
| 3 | آن لائن پریکٹیکل/سیشنل مارکس کی انٹری اور انٹرنل/ایکسٹرنل ایگزامینر حضرات کے اندراج کی آخری تاریخ | 10-07-2021 |
| 4 | پریکٹیکل/سیشنل مارکس اور انٹرنل/ایکسٹرنل ایگزامینر کا ڈیٹا پروف ریڈ کرنے کے بعد لاک (Lock) ہونے کی آخری تاریخ | 13-07-2021 |
| 5 | پریکٹیکل/سیشنل مارکس کی ایوارڈ لسٹیں بمعہ حاضری طلباء جناب چیف سیکریسی آفیسر، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، ۲۱۔اے کشمیر بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے دفتر میں وصولی کی آخری تاریخ | 19-07-2021 |

### امتحانی داخلہ فیس برائے ڈی اے ای، ڈی ڈی ایم کورسز

| نمبر شمار | تفصیل | سنگل فیس | ڈبل فیس | ٹرپل فیس |
|---|---|---|---|---|
| 1 | ڈی اے ای سال اول دوئم سوئم اور چہارم/ڈی ڈی ایم سال اول دوئم اور سوئم تھیوری | 1300/- | 2600/- | 3900/- |
| 2 | ڈی اے ای سال اول دوئم سوئم اور چہارم/ڈی ڈی ایم سال اول دوئم اور سوئم پریکٹیکل | 400/- | 800/- | 1200/- |
| 3 | ڈیٹا پراسیسنگ فیس (ادارہ کے امتحانی ڈیٹا پراسیسنگ سٹاف و دیگر اخراجات کے لیے مبلغ -/50 روپے اور دفتر بورڈ کے لیے مبلغ -/100 روپے) | 150/- | 150/- | 150/- |
| 4 | رزلٹ کارڈ فیس | 200/- | 200/- | 200/- |
| | **ٹوٹل** | **2050/-** | **3750/-** | **5450/-** |

نوٹ:- بمطابق نوٹیفکیشن نمبر: PBTE/Meeting/2021/806 مورخہ: 12-01-2021 ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر سال اول کے وہ امیدواران جو سال 2020 میں رجسٹرڈ ہوئے ہیں ان کی فیس درج بالا فیس شیڈول کے سیریل نمبر 3 اور 4 کے ضمن میں جمع ہوگی۔ ان امیدواران کی تھیوری اور پریکٹیکل امتحانی فیس جمع نہیں ہوگی۔

(ورق الٹیے)

Result.pk

(سابقہ صفحہ سے)

## امتحانی داخلہ فیس برائے گولڈن چانس امیدواران ڈی اے ای کورسز

| نمبر شمار | تفصیل | فیس |
|---|---|---|
| 1 | امتحانی داخلہ فیس | 8000/- |
| 2 | ڈیٹا پراسیسنگ فیس (ادارہ کے امتحانی ڈیٹا پراسیسنگ سٹاف و دیگر اخراجات کے لیے مبلغ -/50 روپے اور دفتر بورڈ کے لیے مبلغ -/100 روپے) | 150/- |
| 3 | رزلٹ کارڈ فیس | 200/- |
| | ٹوٹل | 8350/- |

## امتحانی داخلہ فیس برائے برج کورس لیول-3 ڈپلومہ آف سٹی اینڈ گلڈز

| نمبر شمار | تفصیل | فیس |
|---|---|---|
| 1 | امتحانی داخلہ فیس | 7000/- |
| 2 | ڈیٹا پراسیسنگ فیس (ادارہ کے امتحانی ڈیٹا پراسیسنگ سٹاف و دیگر اخراجات کے لیے مبلغ -/50 روپے اور دفتر بورڈ کے لیے مبلغ -/100 روپے) | 150/- |
| 3 | رزلٹ کارڈ فیس | 200/- |
| 4 | داخلہ فارم فیس | 50/- |
| | ٹوٹل | 7400/- |

## اہم ہدایات

-1 پرنسپل صاحبان وامیدواران کرونا وائرس کے پیش نظر حکومت کی جانب سے جاری کردہ تمام SOPs پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔

-2 جو امیدوار داخلہ کا اہل نہ ہو اس امیدوار کا داخلہ مینول یا کسی بھی طور پر دفتر بورڈ کو نہ بھجوایا جائے ایسی صورت میں کسی بھی نقصان کی تمام تر ذمہ داری ادارہ پر عائد ہوگی۔

-3 ہر سال ٹیکنالوجی کی مقرر کردہ امتحانی فیس الگ الگ بورڈ ویب سائٹ پر دستیاب آن لائن چالان فارم کے تحت یونائیٹڈ بنک کی کسی بھی برانچ کے ذریعے بورڈ ہذا کے اکاؤنٹ میں جمع کروائیں نیز منی آرڈر یا بنک ڈرافٹ کے ذریعے بھجوائی گئی فیس قابل قبول نہ ہوگی۔

-4 ڈویژن امپرومنٹ اور گولڈن چانس والے امیدواران کا تصدیق شدہ مینول ایڈمیشن فارم پر کر کے بمعہ تین عدد تازہ ترین (ایک سامنے سے اور دو پشت سے) تصدیق شدہ تصاویر جمع کروائیں۔

-5 آن لائن ڈیٹا فیڈنگ کرتے وقت Tick/Cross احتیاط سے لگائیں کیونکہ غلطی سے جمع شدہ فیس کسی دوسرے امیدوار کیلئے تبدیل نہیں ہوگی۔

-6 مقررہ شیڈول کے بعد تمام Tick/Cross شدہ امیدواران کا ایڈمیشن ڈیٹا خود بخود Lock ہو جائے گا اور کوئی تبدیلی نہیں ہو سکے گی۔

-7 اصل بنک چالان اور بنک چالان کی ایک فوٹو کاپی ایڈمیشن ڈیٹا لسٹ کے ایک فائنل پرنٹ سے منسلک کر کے دفتر بورڈ کے کمرہ نمبر 24 میں اکاؤنٹس آفیسر کے پاس جمع کروائیں نیز ایڈمیشن ڈیٹا لسٹ کا دوسرا فائنل پرنٹ اکاؤنٹس آفیسر سے فیس ربنک چالان کی وصولی کی مہر لگوا کر کمرہ نمبر 29 میں اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (ٹیکنیکل) کے پاس جمع کروائیں۔ بذریعہ ڈاک رکوریئر سروس بھجوائی گئی ڈیٹا لسٹیں قابل قبول نہ ہوں گی۔ بصورت دیگر تاخیر کی تمام تر ذمہ داری ادارہ پر عائد ہوگی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

-8 تمام پرنسپل صاحبان پریکٹیکل ریشنل امتحانات کا انعقاد، مارکس کی آن لائن انٹری اور ایوارڈ لسٹوں کی وصولی درج بالا تواریخ کے مطابق کروائیں گے۔

-9 تمام پرنسپل صاحبان سال اوّل اور سال دوئم کے پریکٹیکل امتحانات کی ڈیٹ شیٹ تیار کر کے ایک کاپی زیر دستخطی کو ارسال کریں گے۔ نیز سال اوّل اور سال دوئم کیلئے انٹرنل راکسٹرنل ممتحن حضرات کی تعیناتی کر کے تعیناتی مراسلہ جات کی ایک کاپی زیر دستخطی کو بھی ارسال کریں گے۔ سال اوّل اور دوئم پریکٹیکل امتحانات کیلئے سوالیہ پرچہ جات ایکسٹرنل ممتحن حضرات مرتب کریں گے۔

-10 سال سوئم اور سال چہارم کے پریکٹیکل امتحان کی ڈیٹ شیٹ دفتر بورڈ جاری کرے گا۔ سال سوئم اور سال چہارم کیلئے ایکسٹرنل ممتحن حضرات کی تعیناتی بھی دفتر بورڈ ہی کرے گا۔ البتہ سال سوئم اور سال چہارم کے پریکٹیکل امتحانات کیلئے سوالیہ پرچہ جات ایکسٹرنل ممتحن حضرات مرتب کریں گے۔

-11 برج کورس لیول-3 ڈپلومہ آف سٹی اینڈ گلڈز کے امیدواران کا تھیوری امتحان جس ادارہ میں منعقد ہوگا اسی ادارہ کے پرنسپل صاحبان ان امیدواران کے پریکٹیکل امتحان کا انعقاد بھی کروائیں گے اور ایوارڈ لسٹیں درج بالا تواریخ کے مطابق دفتر بورڈ کو ارسال کریں گے۔

-12 امتحان کے دوران امیدواران کی شناخت کیلئے ضروری ہے کہ امیدواران کی رول نمبر سلپس A4 سائز کے کاغذ پر پرنٹ کریں۔ اور Authenticate کر کے رول نمبر سلپس جاری کریں۔

**کنٹرولر امتحانات**

**کاپی برائے اطلاع:۔**

-1 پی ایس ٹو منسٹر برائے انڈسٹریز، کامرس اینڈ انویسٹمنٹ (پنجاب) منسٹر بلاک، سول سیکرٹیریٹ، لاہور۔

-2 پی ایس ٹو سیکرٹری انڈسٹریز، کامرس اینڈ انویسٹمنٹ ڈیپارٹمنٹ (پنجاب)، سول سیکرٹیریٹ، لاہور۔

-3 ایس اے ٹو چیئر پرسن، پی ایس ٹو چیف آپریٹنگ آفیسر، زونل مینیجرز، (سینٹرل، ساؤتھ اور نارتھ)، تمام ڈپٹی زونل مینیجرز، تمام ڈسٹرکٹ مینیجر زیوٹا

-4 پی ایس ٹو چیئر مین، پی اے ٹو سیکرٹری، پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات، ڈپٹی کنٹرولر کنڈکٹ رسیکریسی، چیف سیکریسی آفیسر، پبلک ریلیشنز آفیسر، ویب ایڈمنسٹریز اور تمام متعلقہ برانچ آفیسرز بورڈ ہذا۔

-5 سربراہان تمام الحاق شدہ (گورنمنٹ و پرائیویٹ) ادارہ جات۔

-6 کنٹری مینیجر (سٹی اینڈ گلڈز)، A-302، تھرڈ فلور، صدیق ٹریڈ سنٹر، گلبرگ-II، لاہور۔

# آن لائن فیڈ نگ کے سلسلہ میں ضروری ہدایات

۱۔ بورڈ ویب سائٹ www.pbte.edu.pk کھولنے کے بعد online services پر click کریں۔

۲۔ online services کھلنے کے بعد login کرتے وقت پہلے سے الاٹ شدہ ادارہ کا کالج I.D اور password دیں۔

۳۔ کامیاب login کے بعد admission data list کو click کریں۔

۴۔ ایڈمشن ڈیٹا لسٹ والا صفحہ کھلنے کے بعد category میں جائیں اور DAE یا DDM کو select کریں۔ اسکے بعد course میں متعلقہ ٹیکنالوجی اور سال کو select کریں پھر fresh یا compartment امیدواران کی ایڈمیشن ڈیٹا لسٹ کو select کریں۔

۵۔ مذکورہ سارے process کے بعد کھلنے والی ایڈمیشن ڈیٹا لسٹ پر امیدواران کو احتیاط سے tick کریں اور ساتھ ساتھ SavePagewise بھی کریں بعد میں Proofreading Print نکال کر سارے امیدواران کی لسٹ کو چیک کرلیں۔ اگر غلط tick لگ جائے تو ایڈمشن ڈیٹا lock کرنے سے پہلے درستگی کرکے ڈیٹا کو دوبارہ Save کریں کیونکہ ایڈمیشن ڈیٹا lock ہونے کے بعد کوئی تبدیلی ممکن نہ ہوگی۔

۶۔ Fresh امیدواران کے optional subjects کو احتیاط سے select کریں اور وہی مضامین select کریں جن کا امتحان امیدوار نے دینا ہے جبکہ کمپارٹمنٹ والے امیدواران کے مضامین میں کوئی ردوبدل نہیں ہوسکتا۔

۷۔ امیدواران کی فیس ٹیکنالوجی اور سال کے حساب سے الگ الگ آن لائن چالان فارم کے تحت پوری جمع کرواکر چالان کا ڈیٹا فیڈ کریں کیونکہ فیس میں کمی کی صورت میں ایڈمیشن ڈیٹا لسٹ کا final print نہیں نکلے گا۔

۸۔ امیدواران کا ڈیٹا Cross کرنے سے گریز کریں، ایسے امیدواران کا ڈیٹا cross تصور کیا جائے گا جن کو ادارہ نے tick یا cross نہیں کیا ہوگا۔

۹۔ ایڈمیشن ڈیٹا لسٹ کو lock کرنے سے پہلے تمام saved ڈیٹا کا rough print نکال کر لازمی proofread کریں اور اس میں موجود اغلاط کی مکمل درستگی کرلیں کیونکہ تمام saved ڈیٹا مقررہ تواریخ گزرنے پر خود بخود ہی lock ہو جائے گا اور بعد میں کوئی بھی تبدیلی نہ ہو سکے گی۔

۱۰۔ final print نکالنے کے لئے legal سائز کے پیپر پر landscape میں پرنٹ کریں علاوہ ازیں کوئی دوسرا سائز ہرگز قابل قبول نہ ہوگا۔

۱۱۔ امیدواران کا ڈیٹا لاک ہو جائے یا کر دیا جائے لیکن شیڈول کی تواریخ موجود ہوں اور آپ امیدواران کے ڈیٹا میں تبدیلی کرنا چاہتے ہوں تو webmasterpbte@gmail.com پر e-mail کرکے ڈیٹا ان لاک (Un-lock) کروائیں اور تبدیلی کرکے ڈیٹا کو دوبارہ Save کریں۔

Result.pk

۱۲۔ final print کی ایک عدد کاپی مع اصل بنک چالان جاری کردہ امتحانی شیڈول کے مطابق دستی دفتر بورڈ کے کمرہ نمبر 24 میں جمع کروائیں۔ final print کی دوسری کاپی بمعہ فوٹو کاپی بنک چالان کمرہ نمبر 29 میں جمع کروائیں۔ بذریعہ ڈاک / کوریئر سروس بھجوائی گئی کاپیاں قابل قبول نہ ہونگی۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں تاخیر کی تمام تر ذمہ داری آپ کے ادارہ پر عائد ہوگی۔

۱۳۔ منی آرڈر یا بنک ڈرافٹ کے ذریعے بھجوائی گئی فیس قابل قبول نہ ہوگی۔

۱۴۔ آپکے ادارہ کی غلطی سے اگر کسی بھی امیدوار کا ڈیٹا Tick ہو جائے تو اسکی رولنمبر سلپ ہرگز جاری نہ کی جائے بلکہ جناب کنٹرولر امتحانات کو فوری طور پر تحریری اطلاع کرکے ایسے امیدوار کا رولنمبر منسوخ کروادیا جائے تاکہ کسی بھی پیچیدگی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ بصورت دیگر تمام تر ذمہ داری آپکے ادارہ عائد ہوگی۔

۱۵۔ مینول رجسٹریشن اور ڈویژن امپروو کرنے والے امیدواران کا امتحانی داخلہ پہلے سے بنے ہوئے ایڈمیشن فارم بمعہ امتحانی فیس جمع کروانا ہوگا۔

۱۶۔ ایسے تمام امیدواران جو امتحان دینے کے اہل ہوں مگر ان کا ایڈمیشن ڈیٹا online دستیاب نہ ہو تو اس صورت حال میں فوری رہنمائی کیلئے ایڈریس webmasterpbte@gmail.com پر e-mail کریں یا درج ذیل فون نمبرز پر رابطہ کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ڈپٹی کنٹرولر امتحانات (کنڈکٹ) : | 042-99260272 | ڈپٹی کنٹرولر امتحانات (سیکریسی) : | 042-99260270 |
| چیف سیکریسی آفیسر: | 042-99260281 | ٹیکنیکل امتحانی سیکشن : | 042-99260265 |
| website سے متعلقہ معلومات : | 042-99260284 | رجسٹریشن سیکشن: | 042-99260276 |
| ادارہ جات کے الحاق سے متعلقہ معلومات : | 042-99260283 | فیس سے متعلقہ معلومات : | 042-99260267 |

نوٹ:۔ درج بالا ہدایات پر عمل کرنا لازمی ہے اگر کسی وجہ سے مقررہ امتحانی شیڈول کی تواریخ کے مطابق امتحانی داخلہ دفتر بورڈ کو موصول نہیں ہوتا تو تمام تر ذمہ داری آپ کے ادارہ پر عائد ہوگی۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆